جامعہ علوم اثریہ کے سالانہ امتحانات

قسم تحفیظ القرآن الکریم کے امتحانات 6 جولائی بمطابق 23 رجب بروز منگل سے شروع ہو کر 7 جولائی بمطابق 24 رجب بروز بدھ اختتام پذیر ہوں گے، جبکہ قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ کے امتحانات 14 جولائی بمطابق یکم شعبان بروز بدھ سے شروع ہو کر 22 جولائی بمطابق 9 شعبان بروز جمعرات اختتام پذیر ہوں گے۔ ان شاء اللہ

جامع مسجد اہل حدیث خورد میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 29 مئی بروز ہفتہ جامع مسجد اہل حدیث خورد میں جلسہ سیرت النبی ﷺ زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوا جس میں مولانا سید شفیق الرحمٰن چشتی آف جھنگ اور مولانا حافظ عدیل الرحمٰن آف گوجرانوالہ نے خطاب کیا۔ رئیس الجامعہ کی نمائندگی مولانا قطب شاہ صاحب نے کی۔

مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چوک اہل حدیث جہلم میں عظیم الشان سیرت شافع محشر ﷺ کانفرنس

مورخہ 11 اپریل بروز اتوار مرکزی جامع مسجد اہل حدیث چوک اہل حدیث میں عظیم الشان سیرت شافع محشر ﷺ کانفرنس منعقد ہوئی جس کی صدارت رئیس الجامعہ نے کی۔ کانفرنس کا آغاز (مدرس جامعہ) قاری عبدالقہار کی تلاوت سے ہوا۔ شاعر اسلام نعیم الرحمٰن شیخوپوری نے نعتیہ کلام پیش کیا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض حافظ احمد حقیق اور مولانا فیض احمد بھٹی نے سرانجام دیئے۔ کانفرنس سے حضرت مولانا محمد عبداللہ نثار خطیب گوجرانوالہ، حافظ مشکوٰۃ قاری محمد اکبر اسد آف چونیاں اور مناظر اسلام مولانا محمد عمر صدیق آف گوجرانوالہ نے خطاب کیا۔ کانفرنس میں جہلم شہر کے علاوہ پنڈ دادنخان، سوہاوہ، دینہ، گوجر خان، گجرات کے علاوہ بھاری تعداد میں عوام نے شرکت کی۔

جامع مسجد توحید اہل حدیث اعوان پور گاہوڑہ میں عظیم الشان عظمت حدیث کانفرنس

مورخہ 4 مئی بروز منگل جامع مسجد توحید اہل حدیث اعوان پور گاہوڑہ میں عظیم الشان عظمت حدیث کانفرنس منعقد ہوئی۔ کانفرنس رئیس الجامعہ کے زیر صدارت ہونا تھی لیکن بیماری کی وجہ سے شریک نہ ہو سکے۔ کانفرنس سے مولانا قطب شاہ اور حضرت مولانا محمد نواز چیمہ آف گوجرانوالہ نے خطاب کیا۔

جامع مسجد توحید اہل حدیث اعوان پور گاہوڑہ میں افتتاحی خطبہ جمعۃ المبارک

تحصیل پنڈ دادنخان میں الحمدللہ مساجد اہل حدیث کا مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ اعوان پور کے ملک تصدق صاحب بڑے متحرک اور مسلک سے جذباتی تعلق رکھتے ہیں۔ ان کی ذاتی دلچسپی اور کوششوں سے ان کے گاؤں میں مؤسسہ الفرقان پشاور کے تعاون سے ایک خوبصورت مسجد کی تعمیر مکمل ہوئی ہے۔ جس کا افتتاحی خطبہ جمعہ مورخہ 11 جون کو رئیس الجامعہ نے جامع مسجد توحید اہل حدیث اعوان پور گاہوڑہ میں ''توحید کی اہمیت'' کے موضوع پر ارشاد فرمایا جس میں آس پاس کے دیہات سے کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ جہلم سے ممتاز صحافی محمود مرزا جہلمی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ جمعہ کے بعد تمام شرکاء کیلئے کھانے کا اہتمام تھا۔

وفیات

عمران غنی اور عرفان غنی کو صدمہ

مورخہ 14 اپریل بروز بدھ عمران غنی اور عرفان غنی (مشین محلہ نمبر 1) کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔